سوال

(642)اعصابی مریض

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

طبیب کے بقول ایک شخص پرانے اعصابی مرض میں مبتلا ہے اوراس مرض کے باعث وہ والدین سے بدکلامی کرتا ہے ، رشتہ داروں سے قطع رحمی کرتا ہے اورقلق واضطراب ، ڈر اورخوف میں مبتلا رہتا ہے ۔ تو سوال یہ ہے کہ کیا مذکورہ بالا بیماری کی وجہ سے یہ شخص اب احکام شرعیہ کا مکلف نہیں ہے ؟ آپ اسے کیا نصیحت کریں گے ؟ جزاکم اللہ خیرا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب تک اس شخص کی عقل کام کرتی رہے گی ، یہ احکام شرعیہ کا مکلف رہے گا اورجب تک اس کی عقل بالکل زائل ہوجائے اور عقل پراسے کوئی دسترس نہ رہے تو پھر یہ شخص واقعی معذور ہوگا ۔ میں اسے نصیحت کرتا ہوں دعا ، اللہ تعالی کا ذکر اوراستغفار کثرت سے کرے اورشیطان مردود سے اللہ تعالی کی اس وقت پناہ مانگے جب اسکا غصہ بھڑک اٹھے ، ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالی اس کی بیماری کو دور فرمادے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج4ص488